فرعون طینت آمر کرنل جمال عبدالناصر کے دورِ انقلاب میں اخوان کے رہنماؤں پر ڈھائے گئے مظالم کی عینی شہادت پیش کی ہے، جس کا اُردو ترجمہ حافظ محمد ادریس صاحب ایم اے نے کیا ہے ترجمہ عام فہم زبان میں بہت سُلجھا ہوا اور مؤلف کے ذہن اور ضمیر کا صحیح عکاس ہے۔

تحریکِ اسلامی کے کارکنوں کے لیے خاص کر اور عوام الناس کے لیے عام طور پر نہایت عمدہ رہنمائی ہے۔ (عبدالوکیل علوی)

صرف عورتوں کے لیے تصنیف: شیخ محمد الزین الطاہر۔ ترجمہ: عبدالرشید حنیف۔ ناشر: ادارہ علومِ اسلامی جھنگ صدر۔ ضخامت: ۹۰ صفحات، غیر مجلد قیمت: درج نہیں۔

اِس کتاب میں عورت کی حیثیت اور عائلی زندگی میں اس کے کردار پر گفتگو کی گئی ہے۔ یہ نہ صرف اِس دَور بلکہ ہر دَور کا زندہ موضوع رہا ہے اور اس لحاظ سے زیرِ نظر کتابچے کو بہت اہم خیال کرنا چاہیے۔ لیکن جس انداز سے مباحث سپردِ قلم کیے گئے ہیں وہ اچھا خاصا غیر مربوط اور جدید اسالیب سے بہت ہٹا ہوا ہے، تاہم اس کا مطالعہ فائدے سے خالی نہیں۔ قاری اس نتیجے پر بہر حال پہنچ جاتا ہے کہ اسلامی اصولوں کو اپنانے ہی سے بہتر زندگی بلکہ زندگی گزارنے کے قابل بنتا ہے۔

(انظر زیدی)

گذارشِ احوال واقعی

چند اہم کتابوں پر اس ماہ تبصرہ لکھنا ضروری تھا اور ان پر میں خود لکھنا چاہتا تھا۔ مگر اشارات کی طوالت کے علاوہ قصاص و دیت پر مضامین شامل کرنے پڑے۔ یوں بھی مطبوعات نے کئی صفحات لے لیے ہیں۔